# مُعَلِّمُ الصَّلٰوةِ

almuallim

www.almuallim.org

# TOPIC 1

# ASMA E HUSNA

اَسْمآءِ حُسْنٰی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# فضیلت اَسۡمَآءِ حُسۡنٰی

حدیث شریف میں آیا ہے کہ **اللہ تعالیٰ کے 99 نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کر لے جنت میں داخل ہوگا۔** (مشکوٰۃ) اس لیے ان ناموں کو تبرکاً سب سے پہلے ذکر کیا جاتا ہے۔

## اَسۡمَآءِ حُسۡنٰی

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی ہے اللہ ایسا کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ

**Allah**

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْقُدُّوْسُ | الْمَلِكُ | الرَّحِيْمُ | اَلرَّحْمٰنُ |
| پاک | بادشاہ | نہایت رحم والا | بڑا مہربان |
| The Pure One | The Absolute Ruler | The All-Merciful | The All-Compassionate |
| الْعَزِيْزُ | الْمُهَيْمِنُ | الْمُؤْمِنُ | السَّلَامُ |
| غالب | محافظ | امن دینے والا | سلامتی دینے والا |
| The Victorious | The Guardian | The Inspirer of Faith | The Source of Peace |
| الْبَارِئُ | الْخَالِقُ | الْمُتَكَبِّرُ | الْجَبَّارُ |
| بنانے والا | پیدا کرنے والا | بڑائی والا | زبردست |
| The Maker of Order | The Creator | The Greatest | The Compeller |

| | | |
|---|---|---|
| الْمُصَوِّرُ | صورت بنانیوالا | The Shaper of Beauty |
| الْغَفَّارُ | نہایت بخشنے والا | The Forgiving |
| الْقَهَّارُ | زوروالا | The Subduer |
| الْوَهَّابُ | بڑا دینے والا | The Giver of All |
| الرَّزَّاقُ | رزق دینے والا | The Sustainer |
| الْفَتَّاحُ | فیصلہ دینے والا | The Opener |
| الْعَلِيمُ | جاننے والا | The Knower of All |
| الْقَابِضُ | بند کرنے والا | The Constrictor |
| الْبَاسِطُ | کھولنے والا | The Reliever |
| الْخَافِضُ | پست کرنے والا | The Abaser |
| الرَّافِعُ | اونچا کرنے والا | The Exalter |
| الْمُعِزُّ | عزت دینے والا | The Bestower of Honors |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْحَکَمُ | اَلْبَصِیْرُ | اَلسَّمِیْعُ | اَلْمُذِلُّ |
| فیصلہ دینے والا | دیکھنے والا | سننے والا | ذلت دینے والا |
| The Judge | The Seer of All | The Hearer of All | The Humiliator |
| اَلْحَلِیْمُ | اَلْخَبِیْرُ | اَللَّطِیْفُ | اَلْعَدْلُ |
| بردبار | خبردار | باریک دان | منصف |
| The Forbearing | The All-Aware | The Subtle One | The Just |
| اَلْعَلِیُّ | اَلشَّکُوْرُ | اَلْغَفُوْرُ | اَلْعَظِیْمُ |
| بلند | قدردان | پردہ پوش | بزرگ |
| The Highest | The Rewarder of Thankfulness | The Forgiver and Hider of Faults | The Magnificent |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْحَسِيْبُ | الْمُقِيْتُ | الْحَفِيْظُ | الْكَبِيْرُ |
| کافی | قوت دینے والا | نگہبان | بڑا |
| The Accounter | The Nourisher | The Preserver | The Greatest |
| الْمُجِيْبُ | الرَّقِيْبُ | الْكَرِيْمُ | الْجَلِيْلُ |
| قبول کرنے والا | نگہبان | کرم کرنے والا | عظیم الشان |
| The Responder to Prayer | The Watchful One | The Generous | The Mighty |
| الْمَجِيْدُ | الْوَدُوْدُ | الْحَكِيْمُ | الْوَاسِعُ |
| بزرگ | دوستدار | حکمت والا | کشادہ رحمت |
| The Majestic One | The Loving One | The Perfectly Wise | The All-Comprehending |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْوَكِيْلُ | الْحَقُّ | الشَّهِيْدُ | الْبَاعِثُ |
| ضامن | سچا | گواہ | اٹھانے والا |
| The Trustee | The Truth | The Witness | The Resurrector |
| الْحَمِيْدُ | الْوَلِيُّ | الْمَتِيْنُ | الْقَوِيُّ |
| قابل تعریف | دوست | مضبوط | زبردست |
| The Praised One | The Governor | The Forceful One | The Possessor of All Strength |
| الْمُحْيِ | الْمُعِيْدُ | الْمُبْدِئُ | الْمُحْصِي |
| زندہ کرنے والا | لوٹانے والا | نیا پیدا کرنے والا | گھیرنے والا |
| The Giver of Life | The Restorer | The Originator | The Appraiser |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْوَاجِدُ | الْقَيُّوْمُ | الْحَيُّ | الْمُمِيْتُ |
| موجود کرنے والا | تھامنے والا | زندہ | مارنے والا |
| The Finder | The Self-Existing One | The Ever Living One | The Taker of Life |
| الصَّمَدُ | اَلْاَحَدُ | الْوَاحِدُ | الْمَاجِدُ |
| بے نیاز | تنہا | اکیلا | بزرگی والا |
| The Satisfier of All Needs | The One | The One, the All Inclusive, The Indivisible | The Glorious |
| الْمُؤَخِّرُ | الْمُقَدِّمُ | الْمُقْتَدِرُ | الْقَادِرُ |
| سب سے پیچھے | سب سے پہلے | قدرت دینے والا | قدرت والا |
| The Delayer | The Expediter | The Creator of All Power | The All Powerful |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْبَاطِنُ | الظَّاهِرُ | الْاٰخِرُ | الْاَوَّلُ |
| پوشیدہ | کھلا ہوا | آخر | اول |
| The Hidden One | The Manifest One | The Last | The First |
| التَّوَّابُ | الْبَرُّ | الْمُتَعَالِي | الْوَالِي |
| توبہ قبول کرنے والا | نیک | برتر | وارث |
| The Guide to Repentance | The Doer of Good | The Supreme One | The Protecting Friend |
| مَالِكُ الْمُلْكِ | الرَّءُوْفُ | الْعَفُوُّ | الْمُنْتَقِمُ |
| سب ملکوں کا مالک | بڑا مہربان | معاف کرنے والا | بدلہ دینے والا |
| The Owner of All | The Clement | The Forgiver | The Avenger |

| | | |
|---|---|---|
| ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ | بزرگی اور بخشش والا | The Lord of Majesty and Bounty |
| الْمُقْسِطُ | انصاف کرنے والا | The Equitable One |
| الْجَامِعُ | جمع کرنے والا | The Gatherer |
| الْغَنِيُّ | بے پرواہ | The Rich One |
| الْمُغْنِي | آسودہ کرنے والا | The Enricher |
| الْمَانِعُ | روکنے والا | The Preventer of Harm |
| الضَّآرُّ | بگاڑنے والا | The Creator of The Harmful |
| النَّافِعُ | نفع دینے والا | The Creator of Good |
| النُّوْرُ | روشنی والا | The Light |
| الْهَادِي | راہ دکھانے والا | The Guide |
| الْبَدِيْعُ | نیا پیدا کرنے والا | The Originator |
| الْبَاقِي | ہمیشہ رہنے والا | The Everlasting One |

| | | |
|---|---|---|
| الصَّبُوْرُ | الرَّشِيْدُ | الْوَارِثُ |
| صبر والا | نیک راہ بتانے والا | وارث |
| The Patient One | The Righteous Teacher | The Inheritor of All |

# TOPIC 2

# 6 KALMAY

چھ کلمے

# کلمہ ایمانیہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے، محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

فضیلت :۔ حدیث میں ہے جو کوئی صدق دل سے اس کلمہ کو مانے اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔ (جمع الفوائد ص6 ج1)

مگر عمل شرط ہے کیونکہ جب وہب بن منبہؒ تابعی سے کہا گیا کہ کیا کلمہ طیب جنت کی کنجی نہیں؟ تو انہوں نے فرمایا ہاں ہر کنجی کے لیے دندانوں کی ضرورت ہوتی ہے تب تالا کھلتا ہے۔ ورنہ نہیں کھلتا۔ (مشکوٰۃ ص16)

## دوسرا کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

## تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کیلئے ہے اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور نہیں ہے طاقت اور ہر قوت مگر اللہ کے ساتھ جو بڑی شان والا بڑی عظمت والا ہے۔

# چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِى وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ
بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے بادشاہی ہے اور اسی کیلئے سب تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے نہیں مرے گا اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

فضیلت:۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے بازار میں داخل ہوتے وقت اس کلمہ کو پڑھا اس کے نامہ اعمال میں دس لاکھ نیکی لکھی جاتی ہے اور دس لاکھ گناہ مٹایا جاتا ہے اور دس لاکھ درجہ بلند ہوتا ہے۔

# پانچواں کلمہ سید الاستغفار

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ۔

اے اللہ! تو میرا رب ہے نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور تیرے وعدہ پر ہوں جہاں تک کہ طاقت رکھتا ہوں پناہ پکڑتا ہوں میں تیری اپنے عملوں کی برائی سے میں اقرار کرتا ہوں تیری نعمت کا جو مجھ پر ہے اور میں اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا سو مجھے بخش دے کیونکہ نہیں بخشتا ہے گناہوں کو سوائے تیرے۔

فضیلت:۔ حدیث میں ہے جس شخص نے اس کلمہ کو دن میں پڑھا اور شام سے پہلے فوت ہو گیا تو جنتی ہوگا اور جس نے رات میں پڑھا اور صبح سے پہلے فوت ہو گیا تو جنتی ہوگا۔ (مشکوٰۃ ص340)

# ششم کلمہ رد کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں حالانکہ میں اسے جانتا ہوں اور میں معافی مانگتا ہوں اس گناہ سے جس کا مجھے علم نہیں میں نے اس سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور باقی ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں ایمان لایا اور کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔

# TOPIC 3

# SIFAT E EMAN

# صفات ایمان

## صفت ایمان مفصل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر اور دن آخرت پر اور اچھی بری تقدیر پر کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جی اٹھنے پر مرنے کے بعد۔

## صفت ایمان مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ ۔

میں ایمان لایا اللہ پر جیسے اس کی ذات اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے قبول کئے اس کے تمام حکم۔

# TOPIC 4

# BAITUL KHALA

بیت الخلاء

# استنجاء کو جاتے وقت کی دعاء

بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یا جنگل میں کپڑا اٹھانے سے پہلے یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔

اللہ کے نام سے اے اللہ تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں تیری گندے جنوں اور جنیوں سے

مسئلہ:۔ بایاں پاؤں بیت الخلاء میں پہلے داخل کرے اور قبلہ کی طرف منہ اور پیٹھ کر کے نہ بیٹھے۔

# استنجاء کو جاتے وقت کی دعاء

بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یا جنگل میں کپڑا اٹھانے سے پہلے یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔

اللہ کے نام سے اے اللہ تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں تیری گندے جنوں اور جنیوں سے

مسئلہ:۔ بایاں پاؤں بیت الخلاء میں پہلے داخل کرے اور قبلہ کی طرف منہ اور پیٹھ کرکے نہ بیٹھے۔

# TOPIC 5

# WADHU

وضو

## وضو کے شروع کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## وضو کے درمیان کی دعاء

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ ج اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۔

اے اللہ بخش دے میرے گناہ اور فراخی دے میرے گھر میں اور برکت دے میرے لئے روزی میں ۔اے اللہ بنا دے مجھے توبہ کرنے والوں میں سے اور بنا دے مجھے پاک صاف بندوں میں سے۔

## وضو کے بعد کی دعاء

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ط سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ط

## وضو کرنے کا مسنون طریقہ

☆ وضو کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کریں۔ کسی اونچی جگہ بیٹھیں تا کہ چھینٹیں اُڑ کر اوپر نہ پڑیں۔

☆ بسم اللہ کہتے ہوئے تین دفعہ کُلی کریں اور مسواک کریں اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے اپنے دانت صاف کریں۔

☆ دائیں ہاتھ سے تین بار ناک میں پانی ڈالیں اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کریں۔

☆ تین دفعہ اس طرح منہ دھوئیں کہ سر کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک سب جگہ تر ہو جائے۔

☆ تین بار دایاں ہاتھ کہنی سمیت دھوئیں۔ پھر تین بار بایاں ہاتھ کہنی سمیت دھوئیں۔

☆ ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر خلال کریں۔ اگر عورت نے انگوٹھی یا چوڑیاں پہن رکھی ہوں تو انہیں اچھی طرح ہلالیں تا کہ کوئی جگہ خشک نہ رہ جائے۔

☆ اب ایک مرتبہ سارے سر کا مسح کریں۔ پھر کان کے اندر کی طرف شہادت کی انگلی سے اور کان کے اوپر کی طرف کا انگوٹھوں سے مسح کریں۔ پھر انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کریں، لیکن گلے کا مسح نہ کریں یہ ممنوع ہے، کان کے مسح کیلئے نیا پانی لینے کی ضرورت نہیں ہے۔

☆ دایاں پاؤں ٹخنے سمیت تین مرتبہ دھوئیں، پھر بایاں پاؤں ٹخنے سمیت تین مرتبہ دھوئیں۔ پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پاؤں کی انگلیوں کا اس طرح خلال کریں کہ دائیں پاؤں کی چھوٹی انگلی سے شروع کر کے بائیں پاؤں کی چھوٹی انگلی پر ختم ہو۔ اب وضو مکمل ہو گیا۔

# TOPIC 6

# AZAN AND IQAMAT

## اذان اور اقامت

# اذان اور اقامت کا حکم

☆ مؤذن بلند آواز والا ہونا چاہیے۔

☆ اذان مسجد سے باہر کسی اونچے مقام پر کہنی چاہیے۔
اگر اسپیکر ہو تو اس میں بھی کہی جا سکتی ہے۔

☆ اقامت مسجد کے اندر ہونی چاہیے۔

☆ اذان کہتے وقت مؤذن کیلئے کانوں کے سوراخوں کو انگلیوں سے بند کرنا مستحب ہے۔

☆ اذان کے الفاظ ٹھہر ٹھہر کر ادا کرنا چاہیے اور اقامت کے الفاظ جلد جلد ادا کرنا سنت ہے۔

☆ اذان اور اقامت قبلہ رو کہنا سنت ہے۔

☆ اذان میں حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہتے وقت دائیں اور بائیں طرف منہ پھیرنا سنت ہے۔ خواہ وہ اذان نماز کی ہو یا اور کسی چیز کی (مثلاً بچے کے کان میں اذان کہنا) لیکن سینہ اور قدم قبلہ سے نہ پھیرے۔

☆ اذان کے الفاظ ترتیب کے ساتھ کہنا ضروری ہیں۔

☆ جو شخص اذان دے اقامت بھی اسی کا حق ہے۔

# اذان کے جواب کی فضیلت

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا جو شخص مؤذن کی اذان کا جواب (ان کلمات کے ساتھ) دے تو وہ جنت میں جائے گا۔

# اذان اور اقامت کے الفاظ اور ان کا جواب

| اذان | جواب |
| --- | --- |
| اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ (دومرتبہ) | اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ (دومرتبہ) |
| اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ (دومرتبہ) | اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ (دومرتبہ) |
| اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ (دومرتبہ) | اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ (دومرتبہ) |

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ (دومرتبہ) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (دومرتبہ)

(دومرتبہ) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (دومرتبہ)

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ (ایک مرتبہ) اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ (ایک مرتبہ)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (ایک مرتبہ) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (ایک مرتبہ)

## صبح کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد یہ کہیں

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ (دومرتبہ) صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ (دومرتبہ)

## اقامت میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد یہ کہیں

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃِ (دومرتبہ) اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا (دومرتبہ)

## اذان کے بعد کی دعاء

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی بندہ اذان ختم ہونے پر اللہ تعالیٰ سے یوں دعا کرے تو وہ بندہ قیامت کے دن میری شفاعت کا حقدار ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَاِ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

اے اللہ اس اعلان کامل کے اور نماز درست کے دے محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت اور اٹھا آپ ﷺ کو مقام محمود میں جس کا تو نے وعدہ کیا ہے بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

# TOPIC 7

# PRAYER

# نماز

# نماز کی نیت

نمازی روبقبلہ ہوکردل سے پختہ خیال کرے کہ میں اس وقت کی نماز خدا کے واسطے پڑھتا ہوں۔ اور اگر مقتدی ہے تو یہ بھی خیال کرے کہ میں پیچھے امام کے ہوں۔ اور اگر قلبی نیت کو پختہ کرنے کی غرض سے زبانی بھی کہہ لے تو مستحسن ہے۔(شامی ج1 ص386)

# نماز پڑھنے کا طریقہ

پھر دونوں ہاتھ اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیاں قبلہ رخ رہیں اور انگوٹھے کا سر کان کی لو کے برابر ہو جائے تو کہے۔

تکبیر تحریمہ:۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

اللہ سب سے بڑا ہے۔

ثناء:۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

پاک ہے تو اے اللہ اور تعریف تیرے لیے ہے اور برکت والا ہے تیرا نام اور بلند ہے بزرگی تیری اور نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے۔

تعوذ:۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط

میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے شیطان مردود سے۔

تسمیہ:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

میں شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بخشنے والا مہربان ہے۔

فاتحہ:۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ط غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْنَ

سب تعریف ہے واسطے اللہ کے جو سب جہانوں کا پروردگار ہے بخشش کرنے والا مہربان ہے قیامت کے دن کا مالک ہے ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ دکھلا ہم کو سیدھا راستہ راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام کیا نہ ان لوگوں کا جن پر غصہ کیا گیا اور نہ گمراہوں کا قبول کر۔

پھر ان چھ سورتوں میں سے بالترتیب ایک سورت یا ان کے سوا کوئی اور سورت قرآن مجید کی پڑھے۔

## سُوْرَةُ الْكَافِرُوْنَ مَكِّيَّة

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَاۤ اَنْتُمْ
عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ○ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ
دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

کہہ دیجئے آپ اے کافرو! میں نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں اور نہ میں پوجنے والا ہوں جس کو تم پوجتے ہو اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں تمہارے لئے تمہارا دین میرے لئے میرا دین۔

## سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ○ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ
دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ○

جب آئے مدد خدا کی اور فتح ہو (مکہ) اور دیکھے تو لوگوں کو داخل ہوتے ہیں دین میں اللہ کے فوج فوج پس پاکی بیان کر ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے اور بخشش مانگ اس سے تحقیق وہ ہے توبہ قبول کرنے والا

## سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝
سَيَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِیْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

ہلاک ہوں دونوں ہاتھ ابی لہب کے اور ہلاک ہو وہ نہ کفایت کیا اس کو اس کے مال نے اور اس کی کمائی نے عنقریب داخل ہوگا شعلہ والی آگ میں اور اس کی بیوی لکڑیاں اٹھانے والی اس کی گردن میں رسی ہوگی بٹی ہوئی۔

## سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۵ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

کہہ دے وہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس نے جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہیں ہے اس کے برابر کوئی۔

## سُوۡرَةُ الۡفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۝ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ۝ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

کہہ دے میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ پروردگار صبح کے اس چیز کی برائی سے جسے پیدا کیا اور اندھیری رات کی برائی سے جس وقت وہ چھا جائے اور گرہوں پر پھونکنے والیوں کی برائی سے اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب وہ حسد کرنے لگے۔

## سُوۡرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّة

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ۝ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

کہہ دے میں پناہ لیتا ہوں لوگوں کے رب کی لوگوں کے بادشاہ کی لوگوں کے معبود کی وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی بڑائی سے جو وسوسہ ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں میں جنوں سے اور انسانوں سے۔

پھر اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع کرے اور تین بار یا پانچ بار یا سات بار پڑھے۔

تسبیح رکوع:۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ط پاک ہے میرا پروردگار بڑی عظمت والا

تسمیع:۔ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ط سنتا ہے اللہ جو اس کی تعریف کرے

تحمید:۔ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ط اے ہمارے پروردگار تیرے ہی لئے سب تعریف ہے۔

پھر اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتا ہوا سجدہ کرے اور تین بار یا پانچ بار یا سات بار پڑھے۔

تسبیح سجدہ:۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ط پاک ہے میرا پروردگار بلند شان والا

پھر اللہ اکبر کہتا ہوا تسلّی سے بیٹھ جائے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا دوسرا سجدہ پہلے کی طرح کرے پھر دوسرے سجدہ سے بغیر زمین پر ٹیک لگائے سیدھا کھڑا ہو جائے۔

**تشہد:۔** اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

**درود شریف:۔** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اے اللہ رحمت بھیج محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر جیسا کہ تو نے رحمت بھیجی ہے ابراہیم پر اور ان کی آل پر تحقیق تو تعریف کے لائق بزرگی والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل کر محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور ان کی آل پر تحقیق تو تعریف کے قابل بزرگی والا ہے۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَاوَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ☆ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ☆ (پ۱۳سورہ ابراہیم)

اے رب میرے کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی اے رب ہمارے میری دعاء قبول کر اے رب ہمارے بخشا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مومنین کو جس دن حساب قائم ہو۔

سلام:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ دومرتبہ تم پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت

**دعاءِ قنوت:۔** اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ط اے اللہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تیری بخشش چاہتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اور تیری خوبیاں بیان کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں ہم اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور علیحدہ رہتے ہیں اور چھوڑتے ہیں ہم اس کو جو تیری نافرمانی کرے۔اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور خدمت کرتے ہیں اور تیری رحمت کی امید رکھتے ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں تحقیق تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

# TOPIC 8

# DUAIN AFTER PRAYER

نماز کے بعد کی دعائیں

دعا بعد سلام:۔ اور ہر فرض نماز کے سلام پھیرنے کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعاء پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ الْھَمَّ وَالْحُزْنَ۔

(حصن حصین)

ساتھ نام اللہ کے وہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوا اس کے بڑی بخشش والا مہربان ہے۔ اے اللہ دور کر مجھ سے فکر اور غم کو۔

اور جن فرضوں کے بعد سنتیں پڑھنی ہیں ان کا سلام پھیر کر یہ مختصر سی دعاء پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ ط تَبَارَكْتَ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (مسلم)

اے اللہ تو سلامتی دینے والا ہے اور تجھ سے ہی سلامتی ہے تو برکت والا ہے اے بزرگی اور عزت والے۔

اور اگر کوئی اور دعاء قرآن و حدیث والی بھی پڑھ لی جائے تو بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ مختصر ہو۔

(فتاویٰ عالمگیری ج1 ص48)

اور جن فرضوں کے بعد سنتیں ہیں ان میں سنتوں نفلوں سے فارغ ہوکر اور جن فرضوں کے بعد سنتیں نہیں، ان کے سلام پھیرنے کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط تین مرتبہ اور آیت الکرسی اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک مرتبہ اور سُبْحَانَ اللّٰہِ ط 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 33 بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط 34 بار پڑھو۔ اور ایک مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

(مراقی الفلاح ص 72)

**دعا کا طریقہ:۔** یہ یاد رکھو جیسے نماز پڑھی ہے ویسے ہی دعا مانگو یعنی جب نماز امام کے پیچھے جماعت کے ساتھ پڑھو تو دعا بھی امام کے ساتھ مل کر مانگو اور اپنی سنتیں اور نفل پڑھ کر فارغ ہو جاؤ تو دعا بھی اپنی اپنی تنہا مانگا کرو، امام کا انتظار مت کیا کرو۔

دعاء مانگنے کا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ پہلے ہاتھ اٹھا کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اور پھر التحیات کے بعد والا یا کوئی درود شریف پڑھو۔ پھر مندرجہ ذیل دعاؤں میں سے جتنی دعائیں دل چاہے پڑھو۔

۱۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

(پ۲۔سورہ بقرہ)

اے رب ہمارے، دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

۲۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

(پ۳ سورہ آل عمران)

اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دلوں کو بعد ہدایت کرنے کے اور دے ہمیں اپنے پاس سے رحمت کہ بیشک تو ہی دینے والا ہے۔

۳۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

(پ۸سورہ اعراف)

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم نامرادوں میں سے ہو جائیں گے۔

۴۔ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

اے ہمارے رب بخش دے ہمیں اور ان بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہنچے ایمان میں اور نہ کر ہمارے دلوں میں کدورت ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے تو بہت مہربان رحم والا ہے۔

۵۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ۔ (ترمذی)

اے اللہ کفایت کر میری ساتھ اپنے حلال کے (بچا کر) حرام سے اور غنی کر مجھے ساتھ اپنے فضل کے اپنے ماسوا سے۔

٦۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اے اللہ تحقیق ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے بھلائی اس چیز کی جس کا سوال کیا ہے تجھ سے تیرے بندے اور تیرے نبی محمد ﷺ نے اور ہم تیری پناہ مانگتے ہیں برائی اس چیز سے جس سے پناہ مانگی ہے تیرے بندے اور تیرے نبی محمد ﷺ نے۔

دعا ختم کرتے وقت:۔ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

رحمت نازل کرائے اللہ تمام مخلوق کے سردار محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی اولاد اور آپ ﷺ کے اصحاب سب پر۔

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ کہہ کر منہ پر ہاتھ پھیرے۔

رحم فرمااے بہت رحم کرنے والے۔

بعد نماز فجر و مغرب:۔ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ ط 7 مرتبہ

اے اللہ بچا مجھے آگ سے۔

# آیت الکرسی!

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۵ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ط وَلَا یَئُوْدُہٗ
حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے سنبھالنے والا ہے نہ اس کو اونگھ دبا سکتی ہے نہ نیند۔ اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں ایسا کون ہے جو اس کے پاس سفارش کرے بدون اس کی اجازت کے جانتا ہے جو کچھ خلقت کے روبرو ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور وہ سب احاطہ نہیں کر سکتے کسی چیز کا اس کی معلومات میں سے مگر جتنا کہ وہی چاہے گنجائش ہے اس کی کرسی میں تمام آسمانوں اور زمین کو اور گراں نہیں اس کو ان کا تھامنا اور وہی ہے سب سے برتر عظمت والا۔

# TOPIC 9

# TARAVEEH

تراویح

## تراویح کا بیان

صرف ماہ رمضان المبارک میں نماز عشاء کے بعد بیس رکعت تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہیں اور افضل یہ ہے کہ ایک ایک سلام سے دو دو رکعت پڑھی جائیں اور ہر چار رکعت کے بعد بقدر چار رکعت کے بیٹھ کر درود شریف اور تسبیح پڑھنے میں وقت صرف کیا جائے تسبیح مندرجہ ذیل کا تین مرتبہ پڑھ لینا پسندیدہ امر ہے۔

## تسبیح تراویح

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظْمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ط سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَنَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ۔ (شامی ج1 ص661)

# TOPIC 10

# FUNERAL

# جنازہ

# نماز جنازہ کا بیان

نیت:۔ روبقبلہ ہو کر دل میں خیال کرے۔ چار تکبیر نماز جنازہ، ثناء واسطے اللہ تعالیٰ کے درود رسول پاک ﷺ پر، دعاء واسطے میت کے۔

پہلی تکبیر کے بعد:۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَآئُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

پاک ہے تو اے اللہ ہم تیری تعریف کرتے ہیں اور برکت والا ہے تیرا نام اور بلند ہے بزرگی تیری اور بڑی ہے تیری تعریف اور نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے۔

دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پڑھو۔ تیسری تکبیر کے بعد دعاء پڑھو۔

# بالغ مرد و عورت کی میت کیلئے دعاء

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ط اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ ط وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ط

(مشکوٰۃ ص146)

اے اللہ بخش ہمارے زندہ اور مردہ کو اور حاضر اور غائب کو اور ہمارے چھوٹے اور بڑے کو اور ہمارے مرد اور عورت کو اے اللہ جس کو تو ہم میں سے زندہ رکھ تو اسے اسلام پر زندہ رکھنا اور جس کو تو ہم میں سے وفات دے تو اسے ایمان پر وفات دینا۔

## نابالغ لڑکے کی میت کیلئے دعاء

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَآ اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ط

اے اللہ بنا اس کو ہمارے لئے پیش رو اور بنا اس کو ہمارے لئے اجر اور ذخیرہ اور بنا اس کو ہمارے لئے سفارش کرنے والا اور سفارش قبول کیا گیا۔

## نابالغ لڑکی کی میت کیلئے دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا لَنَآ اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ط

اے اللہ بنا اس کو ہمارے لئے پیش رو اور بنا اس کو ہمارے لئے اجر اور ذخیرہ اور بنا اس کو ہمارے لئے سفارش کرنے والی اور سفارش قبول کی گئی۔

چوتھی تکبیر کے بعد دونوں طرف سلام پھیر دو۔ (درمختار، شامی)

## قبر میں میت کو اتارتے وقت یہ دعاء پڑھو

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ط (ترمذی، درمختار)

## قبر پر مٹی ڈالتے ہوئے یہ آیت پڑھو

مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی ط (شامی۔عالمگیری)

بعد دفن کے ایک آدمی سرہانے کھڑا ہو کر سورہ بقرہ کا پہلا رکوع الٓمّٓ سے وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک اور دوسرا آدمی پائنتی کھڑا ہو کر سورہ بقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک پڑھے۔ (آثار السنن ج3 ص11)

# دعاءزیارت قبور!

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَآ اَھْلَ الْقُبُوْرِ ط یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ ط

(ترمذی)

سلام پہنچے تم کو اے اہل قبور! بخشے ہمیں اور تمہیں اللہ تم آگے جانے والے ہو اور ہم تمہارے قدم پر ہیں۔

# TOPIC 11

## DUAIN FOR MORNING & EVENING

## صبح وشام کی دعائیں

# صبح وشام پڑھنے کے مسنون اعمال

1 حضرت ابوایوب انصاریؓ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص صبح کی نماز کے بعد اسی حالت پر بیٹھے ہوئے کسی سے بات کئے بغیر دس مرتبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے دس نیکیاں لکھ دیتے ہیں، دس گناہ مٹا دیتے ہیں، دس درجے بلند فرما دیتے ہیں اور پورے دن ہر مصیبت اور شیطان سے محفوظ رکھتے ہیں۔ اور اتنا ہی ثواب شام کو دس مرتبہ پڑھنے پر دیتے ہیں۔ (ترمذی ج2 ص185)

2 حضرت حارث بن مسلم تمیمیؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تو شام کی نماز پڑھ لے تو بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ دعا پڑھ لیا کر

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

پس اگر تو اس رات فوت ہو گیا تو اللہ تعالیٰ تجھے آگ سے نجات کا پروانہ عطا کر دیں گے۔ (مشکوٰۃ ص210)

3 حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تو فجر کی نماز پڑھا کرے تو اپنی دنیا کیلئے تین مرتبہ یہ پڑھ لیا کر

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اللہ تعالیٰ تجھے چار بیماریوں سے نجات میں رکھے گا۔ پاگل پن، کوڑھ، اندھا پن اور فالج۔

پھر اپنی آخرت کیلئے یہ دعا پڑھ لیا کر۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِكَ

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے جو اس دعا کو قیامت کے روز لے کر آئے گا۔ (یعنی جو پابندی سے پڑھتا رہے گا) تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کے چار دروازے کھول دیں گے تاکہ جس میں سے چاہے داخل ہو جائے۔ (رواہ ابن السنی)

4 حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر فرض نماز کے بعد 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 34 مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور ایک مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ پڑھ لے تو اس کے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔ (مشکوٰۃ ج 1 ص 89)

5 حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح سویرے یہ پڑھے أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ تو وہ شخص شام تک شیطان سے محفوظ رہے گا۔

(رواہ ابن السنی)

6 حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ سورۃ فاتحہ ایسی سورۃ ہے کہ اس طرح کی سورۃ نہ تورات میں اور نہ انجیل میں اور نہ زبور میں اور نہ باقی قرآن میں اتاری گئی اور یہ سبع مثانی اور قرآن عظیم ہے جو مجھ ہی کو دیا گیا ہے۔ (مشکوٰۃ ج1 ص187)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

7 حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص دس آیتیں سورۃ بقرہ میں سے شروع دن میں پڑھ لے تو شام ہونے تک شیطان اس کے قریب نہیں آئے گا اور اگر شام کو پڑھ لے تو صبح ہونے تک شیطان اس کے قریب نہیں آئے گا۔ اس کے گھر میں اور مال میں بھی نقصان نہ ہوگا۔ (سنن دارمی ج 2 ص 541)

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص رات کو سونے سے پہلے سورۃ بقرہ کی پہلی چار آیتیں، آیۃ الکرسی اور ملحقہ دو آیتیں اور سورۃ بقرہ کی آخری تین آیتیں پڑھ لے تو اس کے گھر میں صبح تک شیطان داخل نہ ہو جائے گا۔ (سنن دارمی ج 2 ص 541)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الٓمّٓ ○ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ ۚ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ○ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ
الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ○ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَآ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ
وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ○

(سورۃ بقرہ آیات 1تا 4)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى
الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا
يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا يَـُٔوۡدُهٗ
حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ۚ لَاۤ اِكۡرَاهَ فِى الدِّيۡنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَىِّ ۚ فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ
بِالطَّاغُوۡتِ وَيُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ○

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ
الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ۝ (آیۃ الکرسی اور ملحقہ دو آیتیں)

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ
اللّٰهُؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۝
اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف
لَانُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۝ لَا
يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَاؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ
اَوْ اَخْطَاْنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَآ وقفہ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ۝

(8) حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ضرور قرآن مجید کی تین سورتوں میں ہے ایک سورت بقرہ، دوسری سورت ال عمران اور تیسری سورت طٰہٰ۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ میں نے تلاش کیا تو معلوم ہوا وہ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے اسی کو اسم اعظم بتایا گیا ہے۔ (حصن حصین ص 104 مترجم مفتی عاشق الٰہی قدس سرہ)

علامہ ابن کثیر کے مطابق یہ سورت بقرہ کی آیۃ الکرسی اور سورۃ ال عمران کی پہلی آیت

الٓمّٓ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط

اور سورت طٰہٰ کی آیت

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ط میں ہے (تفسیر ابن کثیر ج 1 ص 307)

9 حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص روزانہ صبح وشام

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ سات مرتبہ پڑھ لیا کرے

تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیا و آخرت کی پریشانیوں کو دور کریں گے ۔(تفسیر روح العانی پارہ نمبر

11ج53)

علامہ آلوسی بغدادی فرماتے ہیں کہ کئی سالوں سے فقیر اس پر عمل کر رہا ہے (حوالہ بالا)

10 حضرت ابوموسی اشعریؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح وشام یہ پڑھے

